# اقوال حضرت امام محمد باقر علیہ السلام

<"xml encoding="UTF-8?>

(۱)

قال الامام محمدالباقرعلیہ السلام:" انا اھل بیت امرنا ان نطعم الطعام و نودی فی الناس البائنۃ و نصلی اذا نام الناس " ( ۱ )

ترجمہ:

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ھیں :

" ھم اھل بیت اس بات پر مامور ھیں کہ لوگوں کوشکم سیر کریں اور انکے درمیان بخشش کریں اور جب لوگ سو جائیں تو نماز قائم کریں "۔

(۲)

قال الامام محمدالباقرعلیہ السلام:"مامن شئی احب الی اللّٰہ من عمل یداوم علیہ وان قل "(۲)

ترجمہ:

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ھیں :" محبوب ترین چیز خدا کے نزدیک وہ کام ھے جس کا سلسلہ جاری ھو اگر چہ وہ چھوٹا ھی کیوں نہ ھو "۔

۳

(۳)

قال الامام محمدالباقرعلیہ السلام:"ان اکمل المومنین ایمانا احسنھم خلقا "کی(۳)

ترجمہ:

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ھیں:

" مومنین میں کامل ترین ایمان اسکا ھے جس کا اخلاق بھتر ھے"۔

(۴)

قال الامام محمدالباقرعلیہ السلام:" ان لکل شئی قفلا و قفل الایمان الرفق " (۴)

ترجمہ:

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ھیں :

" ھر شئی کے لئے ایک قفل ھے اور ایمان کا قفل نرمی ھے "۔

(۵)

قال الامام محمدالباقرعلیہ السلام:" صلۃ الارحام تحسن الخلق ، و تسمح الکف ، و تطیب النفس ، و تزید فی الرزق و تنسئی الاجل "( ۵)

ترجمہ:

حضرت امام محمد باقر علیه السلام فرماتے هیں:
" صلهٔ رحم انسان کے حسین اور هاتهوں کے کشاده ، روح کے پاکیزه هونے، روزی میں اضافه اورموت میں تاخیر کا سبب هے " ۔

(۶)
قال الامام محمدالباقرعلیه السلام:"اعجل الخیر ثوابا صلة الرحم " (۶ )
ترجمه:
حضرت امام محمد باقر علیه السلام فرماتے هیں :
" صله رحم ایک ایسی چیز هے جسکا ثواب انجام دینے والے تک تمام اعمال خیر سے پهلے پهونچتا هے " ۔

(۷)
قال الامام محمدالباقرعلیه السلام:" انما قصت الاظفار لانها مقیل الشیطان "(۷ )
ترجمه:
حضرت امام محمد باقر علیه السلام فرماتے هیں :
" ناخن اسلئے کاٹے جاتے هیں که وه شیطان کی خواب گاه هے " ۔

(۸)
قال الامام محمدالباقرعلیه السلام:" ان هذا الغضب جمرة من الشیطان توقد فی قلب ا بن آدم "(۸)
ترجمه:
حضرت امام محمد باقر علیه السلام فرماتے هیں :
" غیض و غضب آگ کا ایک شعله هے جو شیطان کی طرف سے انسان کے دل میں بھڑکتا هے " ۔

(۹)
قال الامام محمدالباقرعلیه السلام:: " ثلاث قاصمات الظهر : رجل استکثر عمله و نسئی ذنوبه و اعجب براٴ یه "(۹)
ترجمه:
حضرت امام محمد باقر علیه السلام فرماتے هیں:
" تین چیزیں انسان کی کمر توڑ دیتی هیں: ایک وه آدمی جو اپنے عمل خیر کو زیاده شمار کرے ، دوسرا وه آدمی جو اپنے گناهوں کو بھول جائے تیسرا وه شخص جو استبداد رائے رکھتا هے " ۔

(۱۰)
قال الامام محمدالباقرعلیه السلام:ان اصحاب جدی الحسین لم یجد وا الم مس الحد ید "(۱۰ )
ترجمه:
حضرت امام محمد باقر علیه السلام فرماتے هیں :

” ہمارے جدّ امام حسین (ع) کے جاں نثار اصحاب نے دشمنوں کی شمشیرو نیزہ کے نیچے بھی درد کا احساس نہیں کیا تھا “ ۔

حوالہ


۱۔ کافی ج ۴ ص ۵۰ ح۴
۲۔ اصول کافی ج ۲ ص
۳۔ وسائل الشیعہ ج ۸ ص ٥٠٦
۴۔ بحار ج ۷۵ ص ۵۵
۵۔اصول کافی ج ۲ ص۱۵۲
۶۔ اصول کافی ج ۲ ص ۱۵۲
۷۔ مکارم الاخلاق ص ۷۲
۸۔ بحار ج ۷۳ ص ۲۷۸
۹۔وسائل الشیعہ ج ۱ ص۷۳
۱۰۔ بحار ج ۴۵ ص ۸۰